BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن سٹی کونسل نے، رہائشیوں، کاروباروں اور کمیونٹی گروپس کی مدد کے لیے، صارفین کی فیسوں میں تبدیلی کی منظوری دے دی ہے

برامپٹن، آن (29 مئی 2020) – اس ہفتے، برامپٹن سٹی کونسل نے کمیونٹی پر کورونا وائرس (کووِڈ-19) کے معاشی اثرات کو کم کرنے میں مدد دینے کے لیے صارفین کی فیسوں کے ضمنی قوانین میں تبدیلیوں کی منظوری دی ہے۔

بدھ کے روز اپنی میٹنگ میں، کونسل نے تفریح، مظاہروں کے فنون، سہولت گاہوں کی خدمات، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، قانونی خدمات اور ساتھ ہی ساتھ پارکس اینڈ فورسٹری کے شعبہ جات میں بڑی تعداد میں اپنی 2020 کی صارفین کی فیسوں کو 2019 کی شرح پر واپس لے جانے کی منظوری دی ہے۔ یہ تبدیلیاں 1 جولائی 2020 سے مؤثر ہوں گی اور سال کے اختتام تک 1,021,000$ تک کی چھوٹ فراہم کریں گی۔

سٹی رہائشیوں کو ایسے کئی پروگرام اور خدمات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، جو قابل رسائی اور رقم کا اچھا نعم البدل ہوں۔ صارفین کی فیسیں، سٹی کو پراپرٹی ٹیکس کی شرح کے بوجھ کو کم کرتے ہوئے اخراجات وصول کرنے کے قابل بناتی ہیں۔

یہ تبدیلیاں ریجنل کونسلر مارٹن میڈیروس کی زیر قیادت، میئرز ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ کی جانب سے عوام کے ساتھ رابطے سے موصول ہونے والی فیڈبیک کا فوری نتیجہ ہیں۔ اب تک، 3,900 سے زائد افراد اور گروہوں نے سٹی کے آن لائن سروے اور فریقین کے ساتھ جاری میٹنگز کے ذریعے اپنی رائے فراہم کی ہے۔

سٹی کا آن لائن ریکوری اینڈ ری اوپننگ سروے 14 جون 2020 تک کھلا رہے گا اور رہائشیوں اور کاربارو‌ں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ سٹی کے منصوبوں کے دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے اپنی رائے دیں۔

مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

اقتباسات

"پورے کووِڈ-19 کے دوران، ہماری کونسل نے آن لائن اور ٹیلیفون ٹاؤن ہالز کے ذریعے اپنے تمام اراکین کے ساتھ فعال رابطہ جاری رکھا ہے۔ ہم نے سینکڑوں ہزاروں لوگوں سے براہ راست سنا ہے کہ کووِڈ-19 نے انہیں بری طرح معاشی طور پر متاثر کیا ہے اور اس ہفتے کا نتیجہ ہماری مشترکہ بحالی کو ممکن بنانے کی جانب ہمارے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"میئر کے ری اوپننگ اینڈ ریکوری گروپ کے آغاز کے بعد سے، ہم نے اپنے رہائشیوں، کاروباروں اور اہم فریقین کے گروہوں سے اس حوالے سے رائے لی ہے کہ ہماری آگے کی منصوبہ بندی میں کیا چیز سب سے زیادہ اہم ہے۔ ہم ایک ایسا منصوبہ بنانے کے لیے وقف ہیں، جسے ہماری کمیونٹی شکل دے اور ہم اس بامعنی جوابی رائے کو سننا اور اس پر عمل کرنا جاری رکھیں گے۔"

- مارٹن میڈیروس ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4؛ لیڈ، میئرز ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ

"چونکہ سٹی اپنے مرحلہ وار دوبارہ کھلنے کے عمل کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، لہٰذا یہ بات نہایت اہم ہے کہ ہماری کمیونٹی ہمارے ساتھ رابطے میں رہے اور اس اہم گفت و شنید میں اپنی شرکت جاری رکھے۔ میں تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنی رائے دینے اور اس بات کو یقینی بنانے، کہ سٹی کے اگلے اقدامات ہماری کمیونٹی کی ضروریات کی عکاسی کریں، کے لیے جاری آن لائن سروے میں شرکت کریں۔"

- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca